رہبر معظم کا صدر کے نام آقای مشائی کے متعلق خط - 25 /Jul/ 2009

صدر کی طرف سےرحیم مشائی کو نائب صدر کے عہدے پر منتخب کرنے کے بعد رہبر معظم انقلاب اسلامی نے صدر کے نام خط میں اسے معزول کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

خط کا کامل متن حسب ذیل ہے:

بسمہ تعالی

جناب آقای ڈاکٹراحمدی نژاد ، صدر محترم اسلامی جمہوریہ ایران

با سلام و تحیت

جناب آقای اسفندیار رحیم مشائی کا نائب صدارت کے عہدے پر تقرر حکومت اور جنابعالی کی مصلحت کےخلاف اور آپ کے چاہنے والوں کی ناراضگی اور اختلاف کا موجب ہے۔

لازم ہے کہ مذکورہ تقرر کو منسوخ اور کان لم یکن کیا جائے۔

سید علی خامنہ ای

27/4/1388